## لاہور میں مال روڈ پر الفلاح تھیٹر اور مزنگ روڈ پر تماثیل تھیٹر میں بم دھماکوں پر

## ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت

### گزشتہ دنوں الحمراء ہال میں ورلڈ آرٹ پرفارمنگ فیسٹول کے موقع پر بھی مذہبی انتہا پسند عناصر نے بم دھماکے کئے تھے اور اب الفلاح تھیٹر اور تماثیل تھیٹر کو بھی بم دھماکوں کے ذریعے دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا ہے

### مذہبی انتہا پسند عناصر دہشت گردی کے ذریعے آرٹ کو ختم کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔الطاف حسین

لندن ۔۔۔9 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں مال روڈ پر الفلاح تھیٹر اور مزنگ روڈ پر تماثیل تھیٹر میں بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکوں میں کئی افراد کے زخمی ہونے پر شدید افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ دنوں لاہور کے الحمراء ہال میں ورلڈ آرٹ پرفارمنگ فیسٹول کے موقع پر بھی مذہبی انتہا پسند عناصر نے اسی طرح بم دھماکے کر کے لاہور میں خوف وہراس پھیلا دیا تھا اور اب الفلاح تھیٹر اور تماثیل تھیٹر کو بھی بم دھماکوں کے ذریعے دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ مذہبی انتہا پسند عناصر ملک میں آرٹ کے فروغ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں اور وہ دہشت گردی کے ذریعے تعلیم کے ساتھ ساتھ آرٹ کو بھی ختم کرنے پر تلے ہوئے ہیں اور اس مقصد کیلئے فن اور فنکاروں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ لاہور میں الفلاح تھیٹر اور تماثیل تھیٹر پر بم دھماکوں میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور تھیٹرز اور فنکاروں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## نارتھ کراچی میں جھونپڑیوں میں خوفناک آتشزدگی سے جاں بحق ہونیوالے 40 افراد سپرد خاک، سوئم اتوار کو ہوگا

## ایم کیو ایم نے تجہیز وتدفین میں ایم کیو ایم اپنی نگرانی کرائی، ہزاروں افراد کی شرکت

کراچی۔۔۔9/جنوری 2008ء۔۔۔گذشتہ شب نارتھ کراچی کے علاقے سیکٹر 5L میں واقع بلال کالونی میں جھونپڑیوں میں خوفناک آتشزدگی سے جاں بحق ہونے والے 40 افراد کو نارتھ کراچی کے شاہ محمد قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔اس سے قبل سانحہ میں جاں بحق ہونیوالے تمام مرحومین کی اجتماعی نماز جنازہ بعد نماز جمعہ نارتھ کراچی سیکٹر 5L کے گراؤنڈ میں ادا کی گئی جس میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی شیخ صلاح الدین، عبدالوسیم، معین خان اور وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن اور ٹاؤن ناظم نیو کراچی اختر حسین کے علاوہ نارتھ کراچی سیکٹر کے تمام ذمہ داران وکارکنان، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلرز سمیت عوام کی ایک بہت بڑی تعداد شریک ہوئی جبکہ مرحومین کی تدفین کے موقع پر بھی ایم کیو ایم کے ذمہ داران موجود تھے اور انہوں نے اپنی نگرانی میں تدفین کرائی۔اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے مرحومین کے عزیز واقارب نے انہیں دلاسہ دیا، انہیں صبر کی تلقین کی اور ایم کیو ایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا اور مرحومین کی مغفرت اوران کے بلند درجات کیلئے دعائیں کیں۔آتشزدگی کے واقعہ میں جاں بحق ہونیوالے تمام افراد کا فاتحہ سوئم 11/جنوری بروز اتوار ظہر تا عصر مولوی تمیز الدین ہائی اسکول سیکٹر 5/E نیو کراچی میں ہوگا جس میں مرحومین کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے تمام حق پرست عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ فاتحہ سوئم میں لازماً شرکت کریں اور پابندی وقت کا خیال رکھیں۔واضح رہے کہ مرحومین کی تجہیز وتدفین کے تمام تر اخراجات ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی ہدایت پر کراچی کی شہری حکومت نے برداشت کیے ہیں جبکہ یہ تمام انتظامات نیو کراچی ٹاؤن نے انجام دیئے۔

## ایمپلائمنٹ سیل کے انچارج سیدافتخار علی کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے ایمپلائمنٹ سیل کے انچارج سیدافتخار علی کی والدہ عزراخاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے سیدافتخار علی سمیت مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں اور دکھ کی گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطافرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطافرمائے۔(آمین)

## ایمپلائمنٹ سیل کے انچارج سیدافتخار علی کی والدہ عذراخاتون انتقال کرگئیں، سوئم اتوار کو ہوگا
## رابطہ کمیٹی اور دیگر شعبہ جات کے ارکان کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔9، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ ایمپلائمنٹ سیل کے انچارج سیدافتخار علی کی والدہ عزراخاتون طویل علالت کے بعد جمعہ کے روز انتقال کرگئیں (اناللہ واناالیہ راجعون)۔مرحومہ کی عمر 60 سال تھی اور وہ عرصہ دراز سے ریڑھ کے مہروں کی تکلیف کے باعث معذور اور شدید تکلف میں مبتلا تھیں کہ گزشتہ روز ان کی حرکت قلب اچانک بند ہوگئی اور وہ اپنے خالق حقیقی سے جاملی۔انہوں نے سوگواران میں تین بیٹے، تین بیٹیاں اور دو بھائی چھوڑے ہیں۔دریں اثناء عزرا خاتون مرحومہ کو آج بعد نماز جمعہ پاپوشنگر قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا،مرحومہ کی نماز جنازہ الماس مسجد عزیز آباد بلاک 8 میں ادا کی گئی، نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت،حق پرست سینیٹر بابر خان غوری،صوبائی وزراء عبدالرؤف صدیقی،عبدالحسیب،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان،امام الدین شہزاد، انور عالم، وسیم احمد،خالدافتخار،ریحان ظفر، یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان،علاقائی سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء مرحومہ کا فاتحہ سوئم 11 جنوری بروز اتوار بعد نماز ظہر عالمگیر مسجد بڑا میدان ناظم آباد میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے۔مزید براں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ارکان نے ایمپلائمنٹ سیل کے انچارج سیدافتخار علی سے ان کی والدہ عزراخاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کی مغفرت ان کے بلند درجات اور سوگواران صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔9، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے جوائنٹ انچارج محمد ناصر کے والد فتح محمد، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے کارکن عبدالرحیم کے والد عبدالستار، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن ایاز انصاری کے بھائی عبدالسلام انصاری، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے شہید کارکن تحسین شہید کی ہمشیرہ نسرین، کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن نورالدین کی ہمشیرہ ملکہ، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے کارکن کامران سہیل بخاری کی والدہ فاطمہ اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 148 کے کارکن میرمحسن علی کی والدہ سکینہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس جگہ عطافرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆